روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 27 اپریل 2005ء 17 ربیع الاول 1426 ہجری 27 شہادت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 91

برکت کا نشان

حضرت علیؓ کو غزوہ خیبر کے وقت آشوب چشم کی تکلیف تھی آنحضور ﷺ نے انہیں جھنڈا عطا کرنے کیلئے بلانے کا ارشاد فرمایا۔ آپ کو بتایا گیا کہ انہیں آنکھوں میں سخت تکلیف ہے۔ تو آنحضرت ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت علیؓ کو اسی وقت معجزانہ شفا عطا فرمائی۔ اور یوں لگتا تھا کہ کبھی انہیں یہ تکلیف ہوئی ہی نہیں تھی۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی باب غزوہ خیبر حدیث نمبر 3888)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

جن ایام میں حضور گورداسپور مقدمات کی پیروی کے لئے قیام پذیر تھے۔ ایک روز مولوی یار محمد صاحب قادیان سے گورداسپور پہنچے۔ اور انہوں نے حضرت اماں جان کی علالت کی خبر دی۔ مفتی فضل الرحمٰن صاحب کے پاس ایک گھوڑا تھا۔ اور وہ اپنا گھوڑا لے کر گورداسپور رہا کرتے تھے۔ تاکہ اگر ضروری کام پیش آجائے۔ تو فوراً سوار ہو کر روانہ ہوں۔ وہاں کے قیام میں دودھ اور برف کا انتظام بھی ان کے سپرد تھا۔ غرض مولوی یار محمد صاحب یہ خبر لے کر پہنچے۔ مفتی فضل الرحمان صاحب کہتے ہیں۔ کہ میں سویا ہوا تھا۔ اور خواب میں دیکھتا ہوں۔ کہ حضرت مسیح موعود میرے پاؤں دبا رہے ہیں۔ اور میں جلدی میں اٹھا ہوں۔ اور اپنی پگڑی تلاش کرتا ہوں۔ ادھر یہ خواب دیکھ رہے تھے۔ کہ یکایک انہوں نے محسوس کیا۔ کہ کوئی شخص پاؤں دبا رہا ہے۔ انہوں نے زور سے آواز دی۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا۔

میاں فضل الرحمان اٹھو جلدی کا کام ہے یہ گھبرا کر اٹھے اور انگیٹھی پر اپنی پگڑی تلاش کرنے لگے۔ اندھیرا تھا۔ حضرت نے پوچھا۔ کیا کر رہے ہو۔ انہوں نے عرض کیا۔ کہ پگڑی تلاش کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا۔ کہ یہ میری پگڑی باندھ لو۔ مولوی یار محمد صاحب آئے ہیں۔ والدہ محمود بیمار ہیں۔ تم فوراً گھوڑے پر سوار ہو کر جاؤ۔ میں خط لکھتا ہوں۔ اور ان کے قلم سے جواب لکھوا کر لاؤ۔ مفتی صاحب کہتے ہیں کہ میں نے اٹھ کر گھوڑے کے آگے دانہ رکھ دیا۔ اور تیار ہو گیا۔ حضرت نے خط ختم کیا۔ تو مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم نے فجر کی نداء دی۔ میں سوار ہو کر چلا آیا۔ اور یہ حیرت انگیز امر ہے۔ میں نہیں جانتا۔ میرے لئے زمین کس طرح سمٹ گئی۔ میں قادیان پہنچا۔ تو نماز ہو رہی تھی۔ میں نے گھوڑے کو دروازے کے ساتھ کھڑا کیا۔ اور اوپر جا کر دروازہ کھٹکھٹایا۔ حضرت اماں جان خود ہی تشریف لائیں۔ اور میں نے واقعہ عرض کیا۔ اور خط دے کر کہا۔ کہ اس کے لفافہ پر ہی جلد حضور اپنی خیریت کی خبر لکھ دیں۔ چنانچہ حضرت اماں جان نے ایسا ہی کیا اور میں فوراً روانہ ہو گیا۔ اور میں نہیں جانتا۔ کیا ہوا۔ کہ میرا گھوڑا گویا پرواز کرتا ہوا جا رہا تھا۔ جب گورداسپور پہنچا ہوں۔ تو نماز ختم ہوئی تھی۔ حضرت مسیح موعود نے دریافت فرمایا۔ کہ تم ابھی گئے نہیں۔ میں نے عرض کیا۔ کہ جواب لے آیا ہوں۔ اور یہ کہہ کر وہ لفافہ پیش کر دیا۔

آپ ہنستے رہے اور فرمایا کوئی اس کو کیا سمجھے گا مگر یہ معجزہ ہے یہ واقعہ اپنی اعجازی کیفیت کے ساتھ حضرت کی سادگی کی ایک بے نظیر مثال ہے۔ ایک خادم کو جگانے کے لئے آپ نے اسے کس شفقت سے اٹھانا چاہا۔ اور اپنی دستار مبارک ہی جھٹ دے دی۔ کہ یہی باندھ لو۔ اس واقعہ سے حضور کی حسن معاشرت پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

(سیرت مسیح موعود از یعقوب علی عرفانی صاحب ص 336)

جلسہ سالانہ کینیا سے حضور انور کا خطاب

مورخہ 28۔ اپریل 2005ء بروز جمعرات پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 30-12 بجے جلسہ سالانہ کینیا کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا افتتاحی خطاب ایم ٹی اے پر براہ راست نشر ہوگا۔ اسی طرح 29۔ اپریل بروز جمعۃ المبارک پاکستانی وقت کے مطابق 2:30 بجے دوپہر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ نیروبی سے براہ راست ایم ٹی اے پر نشر کیا جائے گا۔ (نظارت اشاعت شعبہ سمعی وبصری)

دو خاص دعاؤں کی درخواست

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی صحت کے حوالے سے احباب دعائیں جاری رکھیں۔ فضل عمر ہسپتال میں دو آپریشنز ہو چکے ہیں۔ کمزوری بہت زیادہ ہے اور آپ ہسپتال میں ہی زیر علاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل وکرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے بھائی محترم صاحبزادہ مرزا ادریس احمد صاحب کا الشفا انٹرنیشنل اسلام آباد میں پھیپھڑے کا آپریشن ہوا تھا اس کے دو دن بعد طبیعت بہت خراب ہو گئی۔ کمزوری بہت زیادہ ہے اور حالت اب تشویشناک ہے۔ احباب جماعت ان کیلئے بھی دعائیں جاری رکھیں اللہ تعالیٰ ان کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

کینسر سے بچاؤ اور علاج

اس موضوع پر ایک سیمینار مورخہ 28۔ اپریل 2005ء کو صبح 11:00 بجے سیمینار ہال فضل عمر ہسپتال میں منعقد ہو رہا ہے۔ اس میں شمولیت کے خواہش مند خواتین وحضرات استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ کر کے دعوت نامہ حاصل کر لیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

تو بخش دے مجھ کو

کیا نہ بندگی کا حق ادا تسلیم کرتی ہوں
مرے مولا میں اپنی ہر خطا تسلیم کرتی ہوں

یہی سب سوچ کر کہ تو دلوں میں جھانک لیتا ہے
نہ کر پائی میں عرضِ مدعا تسلیم کرتی ہوں

پڑا جو وقت تیرے در پہ روتی چیختی آئی
مگر نہ وقت پر مانگی دعا تسلیم کرتی ہوں

مگر اک بات ہے دنیا سے میں نے کچھ نہیں مانگا
کہ میں تو بس تجھے حاجت روا تسلیم کرتی ہوں

کرے گا مشکلیں کیا دور وہ جو خود ہی بے بس ہو
تجھے ہی میں فقط مشکل کشا تسلیم کرتی ہوں

علیحدہ بات ہے بندے ہی نہ تجھ تک پہنچ پائیں
ترا در تو ہمیشہ ہے کھلا، تسلیم کرتی ہوں

بہت کمزوریاں ہیں مجھ میں یہ تسلیم کرنے میں
سدا مانع رہی میری انا تسلیم کرتی ہوں

مری اوقات سے بڑھ کر مجھے تو نے نوازا ہے
مرے پل پل یہ ہے تیری عطا تسلیم کرتی ہوں

ہیں کتنی ٹھوکریں کھائیں مگر گرنے سے پہلے ہی
مجھے تو نے سنبھالا بارہا، تسلیم کرتی ہوں

بہت ہی ظلم میں نے جان پر اپنی کئے جاناں
بہت ٹالے ہیں تو نے ابتلاء تسلیم کرتی ہوں

بہت سی محفلیں لوٹیں بہت بزمیں سجائی ہیں
تری خاطر کیا نہ رتجگا تسلیم کرتی ہوں

اسی اک بات پر مولا مرے تو بخش دے مجھ کو
کہ میں بس اک تجھی کو ہی خدا تسلیم کرتی ہوں

تو واحد ہے، یگانہ ہے، تو اکبر ہے، تو اعلیٰ ہے
نہیں تجھ سا کوئی بھی دوسرا تسلیم کرتی ہوں

صاحبزادی امۃ القدوس

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

داخلہ جماعت نہم اردو میڈیم

بوائز سیکشن نصرت جہاں اکیڈمی

نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ اردو میڈیم بوائز سیکشن کی کلاس نہم میں داخلہ کیلئے چند سیٹوں کی گنجائش ہے۔ داخلہ کے خواہش مند طلباء داخلہ فارم نصرت جہاں اکیڈمی کے مین آفس سے دفتری اوقات میں حاصل کر سکتے ہیں۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 30۔اپریل 2005ء ہے۔

(نوٹ) داخلہ کیلئے داخلہ ٹیسٹ کلاس ہشتم کے نصاب میں سے ہوگا۔

شیڈیول برائے داخلہ ٹیسٹ

ٹیسٹ: ریاضی، اردو، انگریزی اور سائنس

مورخہ 30۔اپریل 2005ء بوقت 8:00 بجے صبح

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرم عبدالحفیظ صاحب وغیرہ بابت ترکہ مکرم عبدالرشید فاروقی صاحب)

مکرم عبدالحفیظ صاحب وغیرہ ورثاء نے درخواست کی ہے کہ مکرم عبدالرشید فاروقی صاحب بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 6/22 دارالرحمت شرقی ربوہ برقبہ دس مرلہ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ مکرم عبدالحفیظ صاحب خالد کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔محترمہ سلمیٰ مطہرّہ صاحبہ (بیوہ)
2۔مکرم عبدالباسط صاحب (بیٹا)
3۔مکرم عبدالبصیر صاحب (بیٹا)
4۔مکرم عبدالسمیع صاحب (بیٹا)
5۔مکرم عبدالحفیظ صاحب (بیٹا)
6۔مکرم عبدالقادر صاحب (بیٹا)
7۔محترمہ شاہانہ اختر صاحبہ (بیٹی)
8۔محترمہ امۃ النصیر شاہدہ صاحبہ (بیٹی)
9۔محترمہ امۃ المتین قانتہ صاحبہ (بیٹی)
10۔محترمہ امۃ السمیع بشریٰ صاحبہ (بیٹی)
11۔محترمہ نصرت کوثر صاحبہ (بیٹی)
12۔محترمہ امۃ الباسط صاحبہ (بیٹی)
13۔محترمہ آسیہ مبارکہ صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

ولادت

مکرم عبدالباسط طارق صاحب مربی سلسلہ جرمنی تحریر کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے مکرم عامر شیراز صاحب برلن جرمنی کو مورخہ 12 جنوری 2005ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ نومولود کا نام عزیز شیراز رکھا گیا ہے۔ نومولود خاکسار کا نواسہ اور ملک عطاء اللہ صاحب لاہور کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے بچے کی صحت وتندرستی درازی عمر اور نیک خادم دین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم محمد یونس طاہر صاحب کارکن دفتر نمائش تحریر کرتے ہیں کہ مکرم بشیر احمد صاحب ولد مکرم اللہ بخش صاحب مرحوم چک وسایا والا ضلع اوکاڑہ مورخہ 15۔اپریل 2005ء کو وفات پا گئے ہیں۔ آپ کی نماز جنازہ بیت لطیف دارالعلوم وسطی میں مکرم حافظ مسعود طارق صاحب نے پڑھائی۔ قبرستان عام میں تدفین ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر مکرم محمد دین ناز صاحب نے دعا کروائی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریق رحمت کرے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم عبدالشکور اظہر صاحب ٹورانٹو تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ سکینہ بیگم صاحبہ بیوہ مکرم چوہدری عبدالغنی صاحب مرحوم شدید بیمار ہوگئی ہیں اور گزشتہ دو ہفتے سے لندن کے ہسپتال میں زیر علاج ہیں احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے ہماری والدہ صاحبہ کو شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ اور ہر قسم کی پیچیدگی پریشانی سے بچائے۔ آمین

معلومات درکار ہیں

مکرمہ بیگم پیر انوار الدین صاحب تحریر کرتی ہیں کہ میں اپنے والد محترم میاں محمد عالم صاحب سب انسپکٹر پولیس و سابق امیر جماعت احمدیہ راولپنڈی کے حالات زندگی لکھ رہی ہوں۔ اس سلسلہ میں ان کے دوست احباب سے گزارش ہے کہ اگر ان کے پاس کوئی تحریر یا کوئی واقعہ ان سے متعلق ہو یا وہ خود اپنے تاثرات بیان کرنا چاہیں تو مجھے اس پتہ پر اطلاع دیں از حد ممنون ہوں گی۔

(E 73/2 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی)

پبلشر آغا سیف اللہ پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

نصرت جہاں ہومیو پیتھک کلینک اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

(زیر اہتمام لجنہ اماء اللہ مقامی ربوہ) کا افتتاح

16/اپریل 2005ء کو لجنہ اماء اللہ کے تحت نصرت جہاں ہومیو پیتھک کلینک اور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ یہ تقریب لجنہ اماء اللہ پاکستان کے ہال میں منعقد ہوئی اور اس کی صدارت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے نمائندے کے طور پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے فرمائی۔

لجنہ ہال کے درمیان پردہ لگا کر مردوں اور خواتین کے لئے بیٹھنے کا انتظام کیا گیا تھا۔ تلاوت اور نظم کے بعد اس عمارت کے آرکیٹیکٹ اور کنٹریکٹر مکرم وسیم طاہر صاحب نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا۔

تعمیر کی رپورٹ

خاکسار کو جب اس تعمیر کے متعلق ارشاد ہوا تھا تو ہمارے مدنظر تین بنیادی باتیں تھیں:۔

1۔ کلینک کی موجودہ عمارت جو کہ پرانی بلڈنگ میں تھا اور جگہ ناکافی ہونے کی وجہ سے دقت ہوتی تھی کی تعمیر۔

2۔ موجودہ دفاتر کی توسیع۔

3- Existing Building کو نئی بلڈنگ کے ساتھ ملنا اور پہلے سے موجود بلڈنگ کو بہتر کرنا۔

چونکہ مجوزہ جگہ پر پانی کا ایک ٹینک تھا جہاں سے لجنہ مقامی اور لجنہ مرکزیہ کو پانی کی سپلائی ہوتی تھی اس کو نئی جگہ پر بنانے کے بعد کلینک کا کام شروع کیا جا سکتا تھا۔ چنانچہ پانی کے نئے اور بڑے ٹینک کو بنا کر پرانے ٹینک کو Demolish کیا گیا۔ پرانے ٹینک کی Water Capacity 8000 گیلن تھی جبکہ نئے ٹینک میں 42768 گیلن پانی سٹور ہوتا ہے اور لجنہ مرکزیہ اور مقامی کو سپلائی ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس بات کو بھی مدنظر رکھنے کا بھی ارشاد ہوا کہ پہلے سے تعمیر شدہ بلڈنگ اور نئی بلڈنگ میں تعمیراتی تضادات نہ ہوں تا کہ بلڈنگ کی اجتماعی شکل میں فرق نہ آئے ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے خاکسار نے اس بلڈنگ کو Design اور تعمیر کرنے کی سعادت پائی۔ چونکہ اس بلڈنگ کے لئے موجود جگہ بلڈنگ کی سائیڈ اور پیچھے کی طرف تھی اور اس کی لمبائی اور چوڑائی ایسی تھی کہ جس میں تمام Requirements کو پورا کرنا ایک مشکل امر تھا خدا تعالیٰ کی مہربانی اور صدر صاحبہ لجنہ ربوہ محترمہ آپا طاہر صدیقہ کی ذاتی دلچسپی اور شب و روز مشاورت سے یہ ڈیزائن اور عمارت اپنی موجودہ شکل میں پایہ تکمیل کو پہنچی۔

اس بلڈنگ کے دو بنیادی حصے ہیں:

1۔ کلینک

2۔ آفس ایکسٹینشن

کلینک تین منازل پر مشتمل ہے جس میں ایک عدد بیسمنٹ، گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور ہیں۔ جبکہ آفس کی دو منازل ہیں گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور ان دونوں بلڈنگز کو چار مختلف جگہوں سے پہلی بلڈنگ سے ملایا گیا ہے۔

کلینک کے حصے میں Basement جس میں ریسرچ سنٹر، لائبریری اور میڈیسن سٹور ہے اس میں 15 افراد کے کام کرنے کی گنجائش ہے جبکہ میڈیسن سٹور میں 3500 دوائیوں کی گنجائش ہے۔ گراؤنڈ فلور میں کلینک جس میں Waiting Area برائے 50 مریضان ہے اور دو مکمل باتھ برائے مریضان ہیں جبکہ ایک ڈاکٹر روم بمع باتھ ہے۔ ایک باتھ برائے سٹاف ہے۔ رجسٹریشن کاؤنٹر، ڈسپنسری اور کچن برائے ادویات سیڑھی برائے فرسٹ فلور اور بیسمنٹ Wheel chair access شامل ہے Office area جو کہ گراؤنڈ فلور پر ہے ایک کمرہ برائے مال اور ایک کمرہ برائے سٹور ایک عدد کچن اور Canteen بنائی گئی ہے۔ First floor میں

1۔ سیمینار ہال جس میں 50 افراد کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔

2- Childern Play Area

3۔ آفس برائے سیکرٹریان چار کمرے

4۔ دو عدد باتھ برائے سٹاف اور کچن برائے سٹاف شامل ہے۔

اس کے علاوہ Existing Building میں سٹور اور بعض دفاتر کی Partiion اور کیش کاؤنٹر بھی بنائے گئے ہیں کچھ دوسرے کام جن میں بلڈنگ کے اردگرد فرش بڑے اجتماعات کے لئے 4 بڑے چولہے اور تندور کا انتظام کیا گیا۔ پرانی بلڈنگ کے زیر استعمال ٹیلی فون بجلی، گیس اور سیوریج لائنز کو بھی Re-root کیا گیا۔ اس کے علاوہ 4 x 20 کی ٹیلیفون Exchange بھی لگائی گئی جس کی وجہ سے لجنہ ربوہ کا رابطہ لجنہ مرکزیہ، صدر انجمن احمدیہ اور دیگر دفاتر سے ممکن ہو گیا ہے۔

خدمت خلق کی تفصیل

اس کے بعد جنرل سیکرٹری صاحبہ لجنہ ربوہ نے کلینک کی خدمت خلق کے سلسلہ میں رپورٹ پیش کی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے اس بابرکت ارشاد:

''اگر ذیلی تنظیمیں مقامی طور پر ہومیو پیتھک ڈسپنسریوں کا قیام کریں تو مرکزی ڈاک کا بوجھ کم ہو جائے گا۔''

پر عمل کرتے ہوئے نیز حضور کے دیگر ارشادات کے پیش نظر خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے نو سال قبل لجنہ اماء اللہ ربوہ کو فری ہومیو پیتھک کے قیام کی توفیق ملی۔ اور اس وقت اس کلینک کی عمارت کا افتتاح ہو رہا ہے۔

اس عمارت کی تعمیر کی نگرانی مکرم و محترم مرزا غلام احمد صاحب نے فرمائی۔ دفتر لجنہ کی توسیع کے سلسلہ میں قبل ازیں بھی آپ نے ہی نگرانی کے فرائض سر انجام دیئے تھے۔ ہم آپ کے اس گرانقدر تعاون کے لئے تہہ دل سے ممنون ہیں۔

اس عمارت کے آرکیٹیکٹ، کنٹریکٹر (Contractor) مکرم وسیم طاہر صاحب ہیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

1996 میں لجنہ اماء اللہ ربوہ کی مختصر عمارت کے اوپر والے برآمدے میں اس کلینک کا آغاز ہوا، اور حضرت چھوٹی آپا مریم صدیقہ صاحبہ حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے بابرکت ہاتھوں سے 31 دسمبر 1996ء کو افتتاح ہوا۔ یکم جنوری 1997ء کو باقاعدہ مریض دیکھنے کا آغاز حضرت سیدہ طاہرہ صدیقہ ناصر صاحبہ حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے کیا۔ ابتدا سے اب تک آپ ہی اس کی نگران اعلیٰ ہیں اور ہر ہفتے میں جمعرات کے روز بنفس نفیس تشریف لا کر مریضوں کا معائنہ کر کے ادویہ تجویز فرماتی ہیں، باقی دنوں میں کوالیفائیڈ ہومیو ڈاکٹرز مریضوں کو دیکھتی ہیں اور نسخہ جات تجویز کرتی ہیں۔ کچھ عرصہ بعد لجنہ ربوہ کی عمارت میں ایک کمرہ کے لئے اور برآمدہ کا کچھ حصہ مریضوں کے بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا رہا۔

1997ء سے اب تک اس کلینک میں 50 کارکنات نے خدمت کی، آج کل ایک 16 رکنی ٹیم مختلف ذمہ داریاں سرانجام دے رہی ہے۔ ان میں سے 4 کوالیفائیڈ ہومیو پیتھک ڈاکٹرز ہیں، باقی ممبرات دیگر فرائض مثلاً پرچی کا اجراء ڈسپلن اور ریکارڈ رجسٹر پر اندراج وغیرہ کے کام کرتی ہیں۔ اس کلینک کی سب سے پہلی انچارج مکرمہ عامرہ عطیہ صاحبہ تھیں جنہوں نے ابتدائی ڈیڑھ سال بڑی محنت اور عزم سے کام کیا اور محنتی اور مخلص کارکنات کی ایک ٹیم تیار کی۔ جولائی 1998ء سے مکرمہ ریحانہ فوزیہ صاحبہ نے بطور انچارج کام سنبھالا، پھر شادی کے بعد بیرون ملک تشریف لے گئیں، اور فروری 1999ء سے مکرمہ نعیمہ سعید صاحبہ اہلیہ ملک سعید احمد رشید صاحب انچارج کلینک کے طور پر نہایت خوش اسلوبی سے اپنی ذمہ داری ادا کر رہی ہیں۔

کلینک کے آغاز سے جون 2004ء تک کل 97,123 مریض اس سے استفادہ کر چکے ہیں اس کلینک میں ربوہ کے علاوہ مضافاتی دیہات نیز پاکستان کے دوسرے شہروں سے اور بیرون ممالک سے مریض آتے ہیں۔ ان میں ایک نمایاں تعداد غیر از جماعت مریضوں کی ہوتی ہے۔ روزانہ مریضوں کی تعداد 50 سے 70 ہے۔

ابتدا میں محترمہ سیدہ طاہرہ صدیقہ ناصر صاحبہ کے ساتھ کلینک ٹیم کی کلاس ہوتی رہی۔ جس میں آپ نے ٹیم کو Clinical Methods یعنی معائنہ مریض کا طریقہ کار۔ مختلف بیماریوں کا تعارف۔ مرض کا تجزیہ کرنا وغیرہ پر لیکچر دیئے۔ ٹیم کو خاص طور پر اس بات کی ٹریننگ دی جاتی ہے کہ وہ خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار ہو کر کام کریں۔ اور سب مریضوں کے ساتھ خندہ پیشانی، انکساری، محبت اور خوش خلقی سے پیش آئیں۔ نیز مریضوں کی عزت نفس کا خیال رکھیں۔ فری کلینک ہونے کے باعث اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا ہے کہ ان سے کسی قسم کی بدخلقی نہ ہو اور ان کے جذبات مجروح نہ ہوں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے تمام کارکنات حتی الوسع ان باتوں کا خیال رکھتی ہیں۔

ابھی تک یہ کلینک دفتر لجنہ اماء اللہ کے ایک کمرے میں ہی کام کر رہا تھا۔ جگہ کی قلت کے پیش نظر وسع مکانک پر عمل کرتے ہوئے یہ تجویز کیا گیا کہ دفتر لجنہ کی عمارت سے ملحقہ جگہ پر کلینک کی عمارت تعمیر کی جائے۔ چنانچہ 2002ء کے آغاز میں محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ پاکستان سے اس جگہ تعمیر کلینک کی اجازت حاصل کی گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی پرشفقت رہنمائی اور دعاؤں کے ساتھ مورخہ 19 فروری 2003ء کو کلینک کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ جو سیدنا حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب (اس وقت ناظر اعلیٰ و امیر مقامی) نے اپنے دست مبارک سے رکھا۔ آپ کے بعد مکرم محترم حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان نے جماعت قادیان کی نمائندگی میں اینٹ رکھی۔ بعد ازاں خاندان حضرت مسیح موعود کی بعض خواتین اور عہدیداران لجنہ اماء اللہ پاکستان اور لجنہ اماء اللہ ربوہ نے باری باری اینٹیں رکھیں۔ آخر پر حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب نے اجتماعی دعا کروائی تھی۔

صدر لجنہ کا خطاب

اس کے بعد صدر لجنہ ربوہ محترمہ سیدہ طاہرہ صدیقہ ناصر صاحبہ نے جو اس کلینک کی نگران اعلیٰ ہیں نے بھی خطاب کرتے ہوئے فرمایا

''27/اکتوبر 1907ء کو دہلی میں حضرت مسیح موعود نے طبیہ کالج کے سٹاف اور طالب علموں سے خطاب

فرماتے ہوئے فرمایا الحکمۃ ضالۃ المومن۔

حکمت کی بات مومن کی اپنی ہے۔ ہمارا مطلب صرف یہ ہے کہ بموجب حدیث کے انسان کو چاہئے کہ مفید بات جہاں سے ملے وہیں سے لے لے۔ ہندی، جاپانی، یونانی، انگریزی ہر طب سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔ تب ہی انسان کامل طبیب بنتا ہے۔ طبیبوں نے تو عورتوں سے بھی نسخے حاصل کئے ہیں۔'' (ملفوظات جلد 4 صفحہ 507، 508)

ہومیو پیتھک طریقہ علاج کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے جماعت کو دو پہلوؤں سے نصائح فرمائی ہیں۔

نمبر 1۔ عوام الناس کو عام چھوٹی موٹی بیماریوں کے لئے سستا علاج مہیا ہو۔ اور وہ اپنی روزمرہ کی زندگی میں اپنی روزمرہ کی تکالیف کے لئے خود ہی گھر پر علاج مہیا کرسکیں یا قریب ترین ڈسپنسری میں مفت علاج مہیا ہو۔ کیونکہ ہومیو پیتھی علاج سستا اور نسبتاً بے ضرر ہے۔ اس لئے آپ نے اس کے متعلق تفصیل سے ہدایات دیں۔ الحمدللہ جماعت نے اس پہلو سے اس پر بہت توجہ دی ہے اور جماعت احمدیہ میں بے شمار ہومیو شفاخانے اور ڈسپنسریاں قائم ہو کر بنی نوع انسان کی خدمت کررہی ہیں۔

دوسرا پہلو جس کی طرف جماعت کو بارہا توجہ دلائی وہ ہومیو پیتھک طریقہ علاج پر ریسرچ کرنا ہے۔ ہومیو پیتھی طریقہ علاج میں فی الحال ریسرچ نہ ہونے کے برابر ہے۔ اور ابھی تک معین طور پر معلوم نہیں ہے کہ یہ دوائیں کس طرح کام کرتی ہیں۔ اس ریسرچ کے کئی پہلو ہیں۔ ایک تو یہ کہ نئی دواؤں کو بنایا جائے اور ان پر تجربات کئے جائیں۔ دوسرا یہ کہ موجودہ دواؤں کے اثرات مختلف بیماریوں پر دیکھے جائیں۔ نیز ان بیماریوں کے لئے خصوصیت سے توجہ کی جائے جن میں ایلو پیتھک طریقہ علاج کوئی خاطر خواہ علاج مہیا نہیں کرسکتا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ہومیو پیتھک طریقہ علاج کے متعلق جو نظریات بیان فرمائے ہیں ان میں سے بنیادی نظریہ یہ ہے کہ ہومیو پیتھک ادویات انسان کے اندرونی نظام دفاع کو بیدار کرتی ہیں۔ اس پہلو سے جہاں دیگر عام بیماریوں کے لئے ہومیو پیتھک علاج کارگر ہوسکتا ہے۔ وہاں خصوصیت سے کینسر اور Immunological Disorders اور Auto Immune Diseases کے علاج کے لئے ریسرچ کا ایک وسیع میدان کھلا ہے۔ لجنہ اماء اللہ کے اس کلینک میں گزشتہ نو سال سے ہم روزمرہ کی عام بیماریوں میں مریضوں کو علاج مہیا کرنے کی توفیق پا رہے ہیں۔ اب انشاء اللہ ہمارا ارادہ ہے کہ باقاعدہ کمپیوٹر پر مریضوں کا مستقل ریکارڈ رکھا جائے اور ریسرچ کے نقطہ نظر سے خاص خاص بیماریوں اور ان کے طریقہ علاج پر تحقیق کی جائے اس کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی توفیق دے۔

حضور انور کا پیغام

آخر پر محترم صدر مجلس نے اس تقریب کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی طرف سے موصولہ پیغام پڑھ کر سنایا۔ حضور نے فرمایا

الحمدللہ کہ لجنہ اماء اللہ ربوہ کو دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے اپنا کلینک کھولنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ مبارک کرے۔ اس موقعہ پر میرا پیغام یہ ہے کہ اس کلینک کا افتتاح حقوق العباد کی ادائیگی کا ایک حصہ ہے اس لئے اسی جذبے کے ساتھ وہاں خدمت ہونی چاہئے کہ جس سے اللہ اور اس کی مخلوق آپ لوگوں سے خوش اور راضی ہو۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ دکھی انسانیت کے ساتھ ہمدردی اور ان کی خدمت خدا تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اس ضمن میں حضرت مسیح موعود کے اس ارشاد کو بھی پیش نظر رکھیں۔ آپ فرماتے ہیں:

''میری تو یہ حالت ہے کہ اگر کسی کو درد ہوتا ہو تو اور میں نماز میں مصروف ہوں۔ میرے کان میں اس کی آواز پہنچ جاوے تو میں یہ چاہتا ہوں کہ نماز توڑ کر بھی اگر اس کو فائدہ پہنچا سکتا ہوں تو فائدہ پہنچاؤں اور جہاں تک ممکن ہے اس سے ہمدردی کروں۔ یہ اخلاق کے خلاف ہے کہ کسی بھائی کی مصیبت اور تکلیف میں اس کا ساتھ نہ دیا جاوے۔ اگر تم کچھ بھی اس کے لئے نہیں کرسکتے تو کم ازکم دعا ہی کرو۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 83-82)

دراصل خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرنا بہت بڑی بات ہے۔ خدا تعالیٰ اس کو بہت پسند کرتا ہے۔ پس خدمت خلق کے جذبے کے ساتھ کام کریں اور علاج میں کوئی تفریق پیش نظر نہ ہو۔ مریض چاہے امیر ہو یا غریب، احمدی ہو یا غیر احمدی بلا رنگ و نسل اور مذہب سب کا ایک جیسا علاج ہونا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ سب خدمت کرنے والوں کو اس کی توفیق دے اور آپ کے کلینک کو ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے۔ آمین

دعا کے بعد صدر مجلس اور دیگر مہمانوں نے کلینک کی عمارت دیکھی اور لجنہ کی طرف سے ریفرشمنٹ پیش کی گئی۔ اللہ تعالیٰ اس عمارت میں برکت عطا فرمائے اور سارے کام کرنے والوں کو بہترین اجر سے نوازے۔

ابن العربی (1240ء)

آپ کی پیدائش مرسیا کے شہر میں ہوئی۔ تعلیم سپین اور نارتھ افریقہ میں حاصل کی۔ 1201ء میں حج کیلئے عازم سفر ہوئے اور پھر باقی کی زندگی بغداد اور دمشق میں گزار دی۔ آپ عہد وسطیٰ کے سب سے عظیم صوفی عالم تھے آپ نے 251 کتب تصنیف کیں۔ اپنے مشہور سفر نامے ترتیب الرحلہ میں آپ نے جن ممتاز اہل علم سے سفر کے دوران ملاقات کی اس کا ذکر کیا ہے۔ آپ کو شیخ الاکبر کا لقب دیا گیا۔ آپ کی قابل ذکر تصنیفات فتوحات مکیہ، ترجمان الاشواق (عشقیہ نظمیں) دیوان الاکبر (صوفیانہ نظمیں) ہیں۔ اب تک صرف 71 کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ 33 کتب پر علماء اور دانشوروں نے تنقید و حاشیے لکھے ہیں۔ 16 کے تراجم مختلف زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ آپ کی تحریروں اور نظریات نے قرون وسطیٰ کے بہت سے مسلم اور یورپین سکالرز کو انسپائر کیا۔ آپ کا مزار دمشق کی ایک مسجد میں ہے۔

میری والدہ مکرمہ امتہ الرشید صاحبہ

محمد آصف چغتائی صاحب

میری پیاری والدہ کا نام مکرمہ امتہ الرشید صاحبہ تھا۔ آپ حاجی محمد موسیٰ (نیلا گنبد سائیکلوں والے) رفیق حضرت مسیح موعود کے دوسرے بیٹے میاں عبدالمجید صاحب کی تیسری دختر تھیں۔ جب آپ کی عمر 20 سال کے قریب تھی تو حضرت حکیم محمد حسین المشہور مرہم عیسیٰ (رفیق حضرت مسیح موعود) کے بیٹے حکیم محمد عیسیٰ چغتائی (دہلی دروازہ لاہور) کے ساتھ شادی طے پائی۔ یہ دونوں خاندان لاہور کے معروف خاندان تھے۔

آپ نہایت سادہ طبیعت، خوش مزاج اور دعاگو تھیں۔ ہر وقت دعاؤں میں مشغول رہتیں۔ نماز اور قرآن کی تلاوت باقاعدگی سے کرتی تھیں اور قرآنی دعائیں یاد کرکے ان کا ورد کرتی تھیں۔ بیماری کے آخری ایام تک دعاؤں کا سلسلہ جاری رہا۔ آپ کے سسرال میں سب چھوٹے بڑے آپ کو بھابھی رشیدہ کے نام سے پکارتے تھے اور میکے میں آپ آپا رشیدہ کے نام سے جانی جاتی تھیں۔

آپ والد صاحب کی قلیل آمدنی کی وجہ سے خود بھی ان کے ساتھ انتھک محنت کرتیں اور ان کے شانہ بشانہ طب کا کام بھی سرانجام دیا کرتی تھیں۔ آپ بتایا کرتی تھیں کہ جب بھی آپ کے ابو کو مشکل پیش آتی تو کہتے کہ جیسے نورالدین کا خدا نورالدین کی ہر خواہش پوری کرتا تھا اسی طرح وہ خدا میری بھی ہر خواہش پوری کرے گا۔ خدا کی قدرت ایسا ہی ہوتا تھا۔

آپ کو جماعت سے بھی بہت لگاؤ تھا۔ جلسے اور اجلاسوں میں بھرپور شرکت کرتیں اور اپنی اولاد کو بھی جماعت سے وابستہ رہنے کی ہر وقت تلقین کرتی رہتی تھیں۔ 1974ء میں بیت الذکر دہلی گیٹ کی ڈیوٹی کے لئے آپ نے اپنے سب بیٹوں کو بھیج دیا۔ آپ کہتی تھیں گھر کی پرواہ نہ کرو لیکن بیت الذکر کی حفاظت کرو۔ اس کے لئے تمہاری جان بھی چلی جائے تو کوئی پرواہ نہیں۔

آپ اکثر ہمیں بچپن کی باتیں بتایا کرتی تھیں۔ یہ باتیں حضرت اماں جان کے بارہ میں بھی تھیں کہ ایک دفعہ صبح ناشتے میں روٹیاں پکا رہی تھی کہ اماں جان پاس بیٹھ کر دیکھنے لگیں اور بتانے لگیں اگر تم دو پیڑوں کے درمیان گھی لگا کر بناؤ تو روٹی اچھی بنتی ہے اور اگر روٹی مکمل پکا کر نیچے اتار کر گھی لگا لیا کرو تو زیادہ اچھا ہے۔ اکثر میں اماں جان کے بالوں میں تیل لگاتی اور کنگھی کرتی۔ اسی دوران اماں جان کو ترنم کے ساتھ نظمیں سناتی تو وہ بہت خوش ہوتیں۔ برکت علی ہال میں جلسہ سیرت النبیؐ اور جلسہ مسیح موعود کے موقع پر نظمیں پڑھا کرتی تھی۔

آپ کے بطن سے 5 بیٹے اور 5 بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ دو بیٹیاں بچپن میں وفات پا گئیں۔ اس وقت 5 بیٹے اور 3 بیٹیاں ہیں جو سب شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔ اور اولاد کی بھی اولاد ہے۔ آپ تقریباً 78 سال کی عمر پا کر طویل علالت کے باعث 11 دسمبر 2004ء کو شام 6 بجے اپنے خالق حقیقی سے جا ملیں۔ آپ کی تدفین ہانڈو گجر میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

تحریک جدید کا دائرہ کار

دین حق کی اشاعت کیلئے تحریک جدید کا دائرہ کار زمین کے کناروں تک ممتد ہوتا ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود کے الہام سے واضح ہے۔

''میں تیری......کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا''

مخلصین جماعت کو چاہئے کہ اس عالم گیر مہم کیلئے اس کے دائرہ کار کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے پیارے امام کے حضور اپنی مالی قربانیاں پیش کرنے کا اہتمام کیا کریں۔ جیسا کہ حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

''غرض ہمارا اشاعت (دین حق) کا کام ہر روز بڑھے گا اور اخراجات بھی بڑھیں گے جو آپ کو بہرحال برداشت کرنے پڑیں گے۔'' (سبیل الرشاد صفحہ 210)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو وقت کے تقاضے کے مطابق مالی قربانی پیش کرنے کی توفیق بخشے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

(بقیہ از صفحہ 6)

لئے مناسب فنڈ بھی مہیا کررہی ہے اور دوسرے اقدامات کے نتیجہ میں بھی بہتری کا امکان ہے لیکن اگر اساتذہ کی تربیت اور ان کی کارکردگی پہ کچھ زیادہ توجہ دی جائے تو شاید ہمارے نونہال تعلیم کی طرف زیادہ راغب ہو کے تعلیمی میدان میں ہمیں مزید کامیابیوں سے ہمکنار کریں۔ میری دعائیں سب متعلقہ افراد کے لئے۔

آرکیٹیکٹ بشیر الدین کمال صاحب

قرآن خدا کا قول اور سائنس خدا کا فعل ہے

ایک زمانہ میں جس طرح انگریزی کا علم حاصل کرنے کو عجیب سمجھا گیا اسی طرح ایک دور میں سائنس کا علم حاصل کرنے کو بھی عجیب سمجھا گیا۔ حالانکہ تمام ایجادات اور سائنسی علوم کی ترقی خدا تعالیٰ، دین حق اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی صداقت کی دلیل ہیں۔ کجا یہ سمجھنا اور کہنا کہ سائنسی علوم کی ترقی قرآنی تعلیم کے خلاف ہے۔

خدا تعالیٰ کی پیدا کردہ کائنات میں بعض چیزیں ایسی ہیں جو انسان کی بنائی ہوئی ہیں لیکن وہ تمام چیزیں جو خدا تعالیٰ کی پیدا کردہ ہیں۔ مثلاً چاند، سورج، ستارے، ہوا، پانی وغیرہ۔ ان میں کسی قسم کا کوئی نقص نہیں ہے اور نہ آئندہ ہوگا۔ اگر خدانخواستہ کوئی نقص پڑ جائے تو دنیا کا نظام ہی درہم برہم ہو جائے وہ ازل سے ابد تک اپنی اصلی حالت پر ہیں اور رہیں گی لیکن اس کے مقابلہ میں انسان کی بنائی ہوئی چیز میں نقص رہ جاتا ہے اور ایک عرصہ کے بعد وہ ختم بھی ہو جاتی ہے۔ جبکہ انہوں نے اپنی شکل اور ہیئت اور کام کی صلاحیت میں روز بروز ترقی کی اور آہستہ آہستہ نقص بھی دور ہوتے گئے۔ مثلاً آج کی ریل گاڑی، ٹیلیفون، ہوائی جہاز وغیرہ پہلے زمانہ کے ہوائی جہاز، ٹیلیفون اور ریل گاڑی سے بہت مختلف اور بہتر شکل میں ہیں۔

بے شک انسان نے ترقی کی اور ایجادات کیں لیکن ان تمام ایجادات میں Raw Material خدا تعالیٰ ہی کا پیدا کردہ استعمال کیا۔ اگر یہ Raw Material نہ ہوتا تو یہ ایجادات بھی نہ ہوتیں۔ انسان یہ Raw Material نہ خود پیدا کر سکا اور نہ ہی بنا سکا۔ مثلاً لوہا، تانبا، پیتل اور دیگر دھاتیں وغیرہ۔ یہاں تک کہ معمولی سی چیز مٹی بھی نہ بنا سکا۔ انسان نے انہی دھاتوں کو کام میں لا کر ایجادات کیں اور ترقی کی منازل طے کیں۔ اس طرح بجائے اس کے کہ انسان خدا تعالیٰ کا شکر گزار ہوتے ہوئے اس کے آگے سجدہ ریز ہو جاتا اور اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے اس کا شکر اور ذکر کرتا۔ الٹا اس نے سرکشی اور اس سے دوری اختیار کی۔ کتنا بابرکت خدا ہے جس نے انسانی فائدہ کے لئے اتنی اعلیٰ اور عمدہ چیزوں کو پیدا فرمایا ہے۔ وہ احسن الخالقین ہے اور جس کی پیدا کردہ چیزوں کو کام میں لا کر اس نے بڑی بڑی ایجادات کیں اور کر رہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا تا خدا تعالیٰ کی قدرتوں اور عجائبات کا ظہور ہوتا چلا جائے۔

قرآن کریم خدا تعالیٰ کا قول اور سائنس اس کا فعل ہے۔ خدا تعالیٰ کے عظیم اور کامل قدرتوں کے مالک ہونے کا یہی بہت بڑا ثبوت ہے کہ اس کے قول اور فعل میں تضاد نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے قول کو سائنس سچ ثابت کرتی ہے اور اس طرح نہ صرف خدا تعالیٰ کی عظمت بلکہ اس کے وجود کا بھی اظہار ہوتا ہے اور پھر مزے کی بات یہ ہے کہ ان قوموں کے ذریعہ سے ہی اس کے وجود کا اظہار ہوتا ہے جو اس کے وجود کی نفی کرتی ہیں اور دوسرے ان قوموں سے بھی جو عملاً اس کی وحدانیت کے خلاف ہیں۔

خدا تعالیٰ کس طرح اپنے قول کو بذریعہ سائنس جو اس کا فعل ہے سچ ثابت کر دکھاتا ہے۔ اس کی بہت سی مثالیں دی جاسکتی ہیں۔ مثلاً خدا تعالیٰ کا یہ قول ہے کہ جب انسان بیمار ہوتا ہے تو میں ہی اس کو شفا دیتا ہوں۔ اب شفا کے لئے انسان کو اپنا علاج کروانا ہے اور دوائی استعمال کرنی ہے۔ بعض دفعہ دعا سے بھی شفا پاتا ہے لیکن دعا بھی اللہ ہی سنتا ہے اور ساتھ تدبیر بھی سمجھاتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ دوائی کہاں سے آتی ہے۔ ان پودوں اور جڑی بوٹیوں سے جو خدا تعالیٰ نے پیدا کی ہوئی ہیں جبکہ اس ضمن میں دیگر عوامل بھی اسی کے پیدا کردہ ہیں۔ اب دیکھیں خدا تعالیٰ نے کس طرح اپنے قول اور فعل میں مطابقت پیدا کی ہے لیکن اس میں انسان کو سبق دینے کے لئے اسے ہی وسیلہ بنا لیا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ”ایک وقت آئے گا کہ اونٹ کی سواری بیکار ہو جائے گی“ اب اس سواری کو بیکار کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے انسان سے ہی ایک ایسی سواری ایجاد کروائی جس نے اونٹ کی سواری کو بیکار کر دیا یعنی یہ کہ اس کی طرف لوگوں کا رجوع ہی نہ رہا۔ اور اس سواری کا نام ریل گاڑی ہے۔ اس کی ایجاد میں بھی اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ آگ، لوہا اور پانی استعمال ہوا ہے اس کے بغیر ناممکن۔

خدا تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کی زبانی یہ گر بیان فرمایا کہ اگر تم غلہ کو محفوظ (Preserve) کرنا چاہتے ہو تو اس کو اس کی بالیوں میں رہنے دو۔ اس کو کیڑا وغیرہ نہ لگے گا۔ چنانچہ آج سائنس نے بھی یہی ثابت کیا ہے کہ اگر غلہ کو ان کی بالیوں میں رکھو گے تو یہ خراب نہ ہوگا۔ خواہ کتنا عرصہ ہی ان میں رہے۔

سائنس کی مختلف قسمیں اور شاخیں ہیں۔ مثلاً سائنس آف بلڈنگز، سائنس آف اریگیشن، سائنس آف ایگریکلچر، میڈیکل سائنس، سائنس آف کمیونیکیشن وغیرہ۔ اس طرح سائنس کے مختلف علوم سے استفادہ کرتے ہوئے اور مختلف دھاتوں سے بھی کام لیتے ہوئے انسان نے مختلف ایجادات کیں، محلات بنائے، نہریں بنوائیں، ہوائی جہاز، ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم بنائے، چھاپہ خانہ، کمپیوٹر، ٹیلی ویژن ایجاد کئے۔ سب ایجادات میں خدا کے جلوے ہی نظر آتے ہیں اور کس طرح اس نے اپنے قول کو سچا کر دکھایا اور خود ہی اس کے ثبوت مہیا فرما دیئے تا کہ دین حق کی سربلندی اور اشاعت بھی ہو۔

تبصرہ کتب

اسلام کا وراثتی نظام

نام کتاب: اسلام کا وراثتی نظام
مصنف: پروفیسر عبدالرشید غنی
پبلشر: عبدالرحمان غنی۔ یو ایس اے
صفحات: 298
پریس: عرفان افضل پریس لاہور

اس علمی و تحقیقی کتاب میں وراثت کے نہایت مشکل اور پیچیدہ مسائل اور امکانی صورتوں کو بڑے ہی عمدہ اور سہل طریق پر بیان کیا گیا ہے۔ اور علمی طبقہ کی طرف سے اسے بہترین خراج تحسین پیش کیا گیا۔ سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) نے تحریر فرمایا۔

فضل عمر فاؤنڈیشن ٹھوس علمی تحقیقات کو فروغ دینے کے لئے ہر سال صلائے عام دیتی ہے یہ ایک ایسا سلسلہ ہے جسے خدا کے فضل سے پہلے ہی سال پھل لگنے شروع ہو گئے ہیں۔ ان پھلوں میں ایک خاص طور پر شیریں اور خوش نما اور معطر پھل وہ تحقیقی مضمون ہے جو برادرم مکرم پروفیسر عبدالرشید غنی صاحب نے بڑی علمی کاوش اور محنت اور کرید کے بعد مرتب فرمایا اور فضل عمر فاؤنڈیشن کی خدمت میں حسن و قبح کے فیصلہ کے لئے پیش کیا۔ فضل عمر فاؤنڈیشن نے اس مضمون کو ایک نہایت اعلیٰ کوشش قرار دیتے ہوئے انعام کا مستحق قرار دیا۔ برادرم پروفیسر غنی صاحب کی تحقیق ایک بلند پایہ کوشش ہے اور مختصر قرآنی آیات کی اندرونی وسعتوں میں جھانکنے میں بہت مدد دیتی ہے۔

حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے تحریر فرمایا۔

پروفیسر صاحب کی یہ تصنیف بہت قابل قدر ہے۔ جس سے ہمارے قانون دان اصحاب اور دارالافتاء سے تعلق رکھنے والے بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

محترم سجاد احمد جان (جسٹس) سپریم کورٹ نے لکھا میں بلا توقف یہ بات کہنے میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ اسلامی قانون کی ایک مشکل اور اہم شق کو فاضل مصنف نے جس محنت اور تندہی سے آسان اور عام فہم بنانے کی کوشش کی ہے وہ یقیناً قابل تحسین ہے۔

پروفیسر حمید احمد خان سابق وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی و ناظم مجلس ترقی ادب، لاہور نے تحریر کیا۔

یہ کتاب اردو کے علمی ذخیرہ میں ایک گرانقدر اضافہ ہے یہاں ایک دقیق مسئلہ سادہ اور سلیس عبارت میں بیان ہوا ہے اور پڑھنے والے کو بات سمجھنے میں کہیں الجھن نہیں ہوئی .... کتاب کے وہ سب حصے جن میں علمی مباحث میں وضاحت کرنے کے لئے حسابی تفصیلات پیش کی گئی ہیں حد درجہ بصیرت افروز ہیں۔

حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب دارالافتاء ربوہ نے اس کتاب کے تعارف میں تحریر فرمایا۔

”اس وقت تک اردو میں جتنی بھی کتابیں اسلامی نظام وراثت پر لکھی گئی ہیں وہ پرانی طرز کی اور بہت ہی پیچیدہ ہیں لیکن محترم غنی صاحب نے بڑے آسان اور حسین انداز میں اس مضمون کو واضح کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ فضل عمر فاؤنڈیشن نے آپ کی اس کتاب کو ایک ہزار روپیہ انعام کا مستحق قرار دیا ہے .... میں اس قابل قدر سہل المفہوم اور فائدہ بخش کتاب کا تعارف لکھتے ہوئے دلی مسرت محسوس کرتا ہوں اور اس کتاب اور نادر کوشش پر لائق مصنف کی خدمت میں مخلصانہ مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

زیر تبصرہ کتاب گیارہ ابواب پر مشتمل ہے۔ چند اہم عناوین درج ذیل ہیں۔ اسلامی احکام وراثت کی ابتداء اور زمانہ جاہلیت کا ذکر۔ آیات قرآنی و احادیث نبویؐ در بارہ وراثت، ترکہ، میراث، تجہیز و تکفین، ادائیگی قرض، وصیت، وراثتی اصطلاحات۔ دادا کے ترکہ میں یتیم پوتے کی میراث، یتیم پوتے کی محرومی کے دلائل وغیرہ۔

یقیناً یہ کتاب اپنی افادیت کے لحاظ سے قانونی حلقوں میں پوری طرح مقبول ہوگی۔ دینی علوم سے شغف رکھنے والوں اور قانون دانوں کے پاس اس کا ہونا از بس ضروری ہے۔ اس کتاب کے مصنف محترم پروفیسر عبدالرشید غنی صاحب اپنے مولا کے حضور حاضر ہو چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کے اس صدقہ جاریہ کو شرف قبولیت بخشے نیز اس کتاب کی اشاعت کا اہتمام کرنے والوں کو اجر عظیم سے نوازے۔

(ع۔س۔خ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

”یہ مخلوق عبث نہیں بلکہ صانع حقیقی کی حقانیت اور اثبات پر دلالت کرتی ہے تا کہ طرح طرح کے علوم و فنون جو دین کو مدد دیتے ہیں ظاہر ہوں۔

(ملفوظات جلد 1 ص 63)

پھر فرماتے ہیں:۔

”ہمارے مخالفین نے (-) پر جو شبہات وار کئے ہیں اور مختلف سائنسوں اور مکائد کی رو سے اللہ تعالیٰ کے سچے مذہب پر حملہ کرنا چاہا ہے۔ اس نے مجھے متوجہ کیا ہے کہ میں قلمی اسلحہ پہن کر اس سائنس اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اتروں اور (-) کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا کرشمہ بھی دکھلاؤں۔“

(ملفوظات جلد 1 ص 57)

پروفیسر میاں محمد افضل صاحب

تعلیم میں استاد کا کردار

مورخہ 17 جولائی 2004ء کی اشاعت میں الفضل نے جاوید چودھری صاحب کا روزنامہ جنگ میں چھپا ہوا کالم پیش کیا تھا۔ جاوید چودھری صاحب کے کالم اکثر بہت دلچسپ، تحقیقی اور علمی ہوتے ہیں۔ اس کالم میں انہوں نے بنگلہ دیش کے ایک مخلص، محنتی اور دردمند سوشل ورکر جناب فضل حسین عابد کے ایک عظیم کارنامے کی تفاصیل دیں۔ بریک (BRAC) سوسائٹی اس وقت معرض وجود میں آئی جب 1971ء کی جنگ کے بعد وہ بنگالی، خاندان جو جنگ کی تباہیوں سے بچنے کے لئے اپنے گھربار چھوڑ کر ہندوستان میں پناہ گزیں ہوگئے۔ مگر جنگ ختم ہونے پہ واپس آرہے تھے۔ ان کو پھر سے بنگلہ دیش میں آباد کرنے کے لئے بنگلہ دیش کی اس ری ہیبی لیٹیشن (Rehabilitation) سوسائٹی نے بہت کام کیا۔ لیکن جب لوگوں کو پھر سے آباد کرنے کا کام تکمیل کو پہنچا تو سوسائٹی نے اپنے دفاتر کو تالے نہیں لگادیئے۔ بلکہ نئی راہیں تلاش کرنے کا سوچا۔ اس نے صنعت وحرفت کے کاموں کی طرف رجوع کیا اور پھر ملک کی تعلیمی حالت کو سنوارنے کا تہیہ کرلیا اور اس سمت میں انہوں نے بڑا خوبصورت بہت مفید کام کرکے اندھیروں کو اجالوں میں بدلنے کا بیڑہ اٹھایا۔ اور ان کی کاوشوں نے بنگلہ دیش میں ایک تعلیمی انقلاب کی بناڈالی۔

میں جب لاہور کے ایک تربیت اساتذہ کے ادارے سے متعلق تھا۔ تو اس ادارے نے مجھے 1996ء میں بنگلہ دیش پرائمری تعلیم کے لئے کی گئی اصلاحات اور اس سے متعلقہ سکیموں کا جائزہ لینے کے لئے وہاں بھجوایا۔ بات تو لمبی ہوسکتی ہے لیکن شاید سب قارئین کے لئے تفاصیل اتنی دلچسپی کا باعث نہ ہوں اس لئے چند باتیں اور خاص طور پر بریک (BRAC) کے متعلق کچھ عرض کرنے کے لئے قلم اٹھایا ہے۔

بنگلہ دیش نے پرائمری تعلیم کو تعلیمی میدان میں سب سے اہم قرار دیا۔ اس کے لئے علیحدہ محکمہ بلکہ علیحدہ وزیر مقرر کیا گیا تا اس کی بہتر کارکردگی اور بہتر نگرانی ہوسکے مختلف سکیمیں بنیں۔ ان پہ عملدرآمد کی نگرانی کی گئی۔ پرائمری کی اتنی پذیرائی اور اس پہ اتنا زور یقیناً قابل قدر ہے کیونکہ جب تک بنیاد مضبوط نہ ہو۔ وہ عمارت جو اس پہ استوار ہوگی نہ مضبوط ہوگی نہ پائیدار۔ مگر اس کی مزید تفصیل دینے کی بجائے BRAC کے پروگرام تک ہی بات محدود رہے تو بہتر ہے۔

تعلیمی میدان میں بریک کا سب سے اہم کام پرائمری سکول قائم کرنا تھا (جن کی تعداد اب جاوید چودھری صاحب کی رپورٹ کے مطابق 52 ہزار تک پہنچ گئی ہے) مگر کیسے سکول؟ مجھے ڈھاکہ کے گردونواح میں دو ایسے سکول دیکھنے کا اتفاق ہوا اور میں نے دو جھونپڑیوں میں قائم ان سکولوں سے بہت کچھ سیکھا۔ آئیڈیا یہ تھا کہ ہر گاؤں یا ہر دو تین گاؤں کے لئے ایک پرائمری سکول ہونا لازمی ہے۔ عموماً ایسے پراجیکٹ شروع کرنے سے قبل پہلی بات فنڈز کا مہیا ہونا قرار دیا جاتا ہے لیکن یہاں فنڈز سے زیادہ ایک جذبہ کارفرما تھا۔ اس لئے کوئی بلڈنگ کھڑی نہیں کی گئی۔ درمیان میں نہ کنٹریکٹر آیا نہ کسی افسر کی مٹھی گرم ہوئی۔ لوکل لوگوں کی مدد سے ایک بڑی سی جھونپڑی جو بانس (اور یہ وہاں پہ بافراط پائے جاتے ہیں) درختوں کی شاخوں اور گھاس پھونس کی مدد سے کھڑی کردی گئی مگر اتنی بڑی جس میں 33 بچے آرام سے بیٹھ سکیں۔ اس جھونپڑی میں ایک صاف ستھری دری ضرور بچھا دی گئی۔ اور یہ ہمارے ہاں کے بعض گورنمنٹ سکولوں سے بہتر تاثر دینے لگی۔ ہمارے بعض سکولوں میں ٹاٹ اگر خوش قسمتی سے موجود ہے تو بعض اوقات گرد سے اٹا ہوا کہ بچے کا بیٹھنے کو بھی جی نہ چاہے اور کئی ایسے "اوپن کلاس روم" جن کو ٹاٹ بھی نصیب نہیں۔ مگر یہ تو ضمناً بات آگئی اس لئے واپس چلتے ہیں۔ اس صاف ستھری جھونپڑی میں سکول میں ایک وقت میں ایک ہی کلاس ہوگی اور اس میں بچے 33 ہوں گے مگر غور فرمایئے کہ بچیوں کی تعلیم پہ کتنا زور کہ ان میں سے 22 بچیاں ہوں گی اور 11 بچے۔ بچوں کے پاس کتاب تو ہوگی مگر قلم پنسل رکھنے کے لئے ایک قلمدان بھی۔ پہلی جماعت کے بچے کے لئے قلمدان؟ کچھ عیاشی سی معلوم دیتی ہے لیکن یہاں بھی وہی سادگی۔ یہ قلمدان ہوگا بانس کے ایک کٹے ہوئے ٹکڑے کا جو اندر سے خالی قلم پنسل کی مہمان نوازی کرسکتا ہے۔ کتاب چھوٹی جماعت میں تو ایک ہی ہوگی۔ کوئی بھاری بھرکم بستہ نہیں۔ جھونپڑی میں فقط ایک کلاس کی ہی گنجائش ہے۔ یہی پہلی کلاس۔ اگلے سال دوسری جماعت اور پھر اگلے سال تیسری جماعت بن جائے گی۔ اس کے بعد بچوں کو اپنے گاؤں سے قدرے دور کسی پرائمری سکول میں داخلہ لینا ہوگا۔ لیکن ان تین سالوں میں جس انداز سے تعلیم دی گئی طلبا، طالبات اس کے اتنے مداح ہو چکے ہوں گے کہ وہ بخوشی قدرے فاصلہ پہ پرائمری سکول میں داخلہ لینے کے متمنی ہوں گے۔

اور یہ جو مداح ہونے کی بات کی گئی تو آخر کیوں؟ اس جھونپڑی والے سکول کی روح رواں کون؟ یہ علم کی شمع جلانے والی، بچوں میں کتاب سے محبت پیدا کرنے والی، یہ ان کی استانی ہی ہے۔ اس کے پاس نہ کوئی ڈاکٹریٹ کی ڈگری، نہ ہی بی ایڈ کی، بلکہ اکثر اوقات کوئی ڈگری بھی نہیں۔ شاید وہ میٹرک پاس ہے یا یہاں تک بھی نہیں پہنچ پائی اور نویں جماعت تک ہی تعلیم حاصل کرسکی۔ مگر ایک بات تو یہ کہ وہ اسی گاؤں یا ساتھ والے گاؤں کی رہنے والی ہے۔ ان سب بچوں کو ذاتی طور پر جانتی ہے اور ان کے والدین بھی استانی صاحبہ سے واقف ہیں۔ پھر اس استانی کو یہ خوف یا ڈر نہیں کہ کل اس کا کسی دور کے سکول میں تبادلہ ہو جائے گا۔ اسے اطمینان ہے کہ وہ اسی گاؤں کی رہنے والی ہے اور اسی سکول میں رہے گی۔ یہ تو ہوئی اس کی تعلیمی قابلیت اور اس کی یہاں کی رہائشی ہونے کی بات مگر اس میٹرک پاس یا انڈر میٹرک استانی کی خوبی کیا ہے؟ میں نے دونوں سکولوں میں دیکھا کہ یہ دبلی پتلی سی معمولی شخصیت کی مالک استانی کچھ اس انداز سے پڑھا رہی تھی کہ بچوں کی آنکھوں میں چمک تھی۔ چہروں پہ خوشی اور یوں معلوم ہوتا کہ وہ کھیل ہی کھیل میں پڑھ بھی رہے ہیں اور لطف اندوز بھی ہو رہے ہیں۔ سبق ان پر ٹھونسا نہیں جارہا بلکہ وہ اس تعلیمی عمل کو انجوائے کررہے ہیں۔ کتاب بھی پڑھی جارہی ہے اور درمیان میں گانا بھی گایا جارہا ہے گویا ایک لطف وسرور کا عمل جس میں وہ سیکھ بھی رہے ہیں اور محظوظ بھی ہورہے ہیں۔ گویا روشنی بھی نور بھی، لطف بھی اور سرور بھی۔ کیا ایسے میں کوئی بچہ سکول سے بھاگ جانے کا سوچ بھی سکتا ہے؟

اب قارئین کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہورہا ہوگا کہ یہ کم تعلیم یافتہ استانی ہمارے بی ایڈ سے آگے کیسے نکل گئی۔ اس کا راز اس کی تربیت ہی نہیں بلکہ مسلسل تربیت میں مضمر ہے۔ یعنی یہ استانی اپنی شروع کی ٹریننگ کے بعد ہر ماہ اپنے ہیڈ کوارٹر میں تین چار روز کے لئے جاتی ہے جہاں وہ اپنی تنخواہ یا دیگر سہولیات کی نہیں بلکہ اپنے تدریسی مسائل کا ذکر کرکے وہاں موجود ایکسپرٹ سے راہنمائی لیتی ہے۔ مثلاً میں حساب پڑھا رہی تھی فلاں بات بچے سمجھ نہیں پارہے تھے یا وہ اسے خوشی سے قبول نہیں کررہے تھے۔ ایسے میں مجھے کیا کرنا چاہئے؟ کس طریق سے سمجھانی چاہئے تا بات بھی واضح ہو اور اس میں دلچسپی بھی پیدا ہو؟ گویا وہ اپنا ہر تعلیمی مسئلہ ایکسپرٹ کے سامنے پیش کرکے راہنمائی لیتی ہے اور یہ سلسلہ مسلسل جاری رہتا ہے۔ اس بروقت راہنمائی کے نتیجہ میں پڑھانے کے طریق میں نکھار آتا چلا جاتا ہے۔ مشکلیں حل ہوتی جاتی ہیں اور پڑھانے کے زیادہ دلچسپ طریق معلوم ہوتے جاتے ہیں۔

اب ان ہی سکولوں کی ایک اور بات، ہر ماہ میں ایک دن مقرر ہے جبکہ سب بچوں کے والدین تشریف لاتے ہیں۔ اساتذہ، ماہرین تعلیم اور والدین کی میٹنگ ہوتی ہے۔ میں نے بھی ایک ایسی میٹنگ میں شمولیت کی۔ حیرانی یہ ہوئی کہ 33 بچوں کے 32 والدین موجود اور سکول کی بہتری کے لئے آراء پیش کی جارہی ہیں، مسائل پیش کئے جارہے ہیں اور ان کا مل کے حل تلاش کیا جارہا ہے۔ یہ نشستند، گفتند وبرخاستند والی بات نہیں بلکہ قابل عمل تجاویز، صحیح سوچ اور تجاویز عمل پیرا ہونے کا پروگرام زیرغور آتا ہے اور پھر اسے مناسب شکل دی جاتی ہے تو یہ تھیں ان جھونپڑیوں سے نکلتی ہوئی نور کی شعاعیں جو یقیناً ایک علمی انقلاب کا پیش خیمہ ہوسکتی ہیں۔ شاید ہم بھی اس تجربہ سے کچھ نہ کچھ سیکھ سکیں۔

